33763 ـ بیرا پینے کا حکم

سوال

بیرا پینے کا حکم کیا ہے، یہ علم میں رہے کہ بیرا کی دو قسمیں ہیں، ایك تو الكحل پر مشتمل ہے، اور دوسری قسم میں الكحل نہیں پائی جاتی، تو کیا یہ نشہ آور اشیاء میں شامل ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

بیرے کی دونوں قسموں میں فرق کرنا ضروری ہے:

پہلی قسم:

نشہ آور بیرا جو بعض ممالك میں فروخت کیا جاتا ہے، تو یہ بیرا شراب ہے اور اس کی خرید و فروخت اور پینا حرام ہے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" ہر نشہ آور خمر (یعنی شراب) ہے، اور ہر نشہ آور حرام ہے "

صحیح مسلم حدیث نمبر (2003).

اس کی کثیر مقدار پینا بھی حرام ہے، اور قلیل مقدار بھی چاہیے ایك قطرہ ہی ہو، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس کی کثیر مقدار نشہ آور ہو تو اس کی قلیل مقدار بھی حرام ہے "

سنن ترمذی حدیث نمبر (1865) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ترمذی میں اسے صحیح کہا ہے.

دوسری قسم:

غیر نشہ آور بیرا، یا تو وہ بالکل الكحل سے خالی ہو، یا پھر اتنی قلیل سی الكحل ہو کہ وہ نشہ کی حد تك نہ پہنچ سکے

چاہیے اس کی کتنی بھی زیادہ مقدار انسان پیئے تو اسے نشہ نہ آئے تو اس کے متعلق علماء کرام نے حلال کا فتوی دیا ہے.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" ہماری مارکیٹوں میں جو بیرا موجود ہے وہ حلال ہے، کیونکہ ذمہ داران کی جانب سے چیك کردہ ہے، اور بالکل الکحل سے خالی ہے، اور ہر کھانے پینے اور پہننے والی اشیاء میں حلت ہے حتی کہ اس کی حرمت کی کوئی دلیل ثابت ہو جائے.

کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

وہ اللہ جس نے زمین کی ساری چیزوں کو تمہارے لیے پیدا کیا البقرة (29).

تو جو انسان بھی کسی چیز کے متعلق کہے کہ یہ پینے والی یا کھانے والی یہ چیز حرام ہے، یا یہ لباس حرام ہے تو آپ اسے کہیں کہ: آپ اس کی دلیل دیں، اگر تو وہ اس کی دلیل دے تو دلیل کے مقتضی پر عمل کیا جائیگا، اور اگر وہ دلیل نہ دے تو اس کا قول مردود ہے مانا نہیں جائیگا.

کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے:

اللہ وہ ہے جس نے زمین کی ساری اشیاء کو تمہارے لیے پیدا کیا ہے البقرة (29).

ہر وہ چیز جو زمین میں ہے وہ اللہ تعالی نے ہمارے لیے پیدا کی ہے، اور اس عموم کی " جمیعا " کے قول کے ساتھ تاکید کی ہے، اور پھر اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان یہ بھی ہے:

اور اللہ تعالی نے اس کی تفصیل بتا دی ہے جو تم پر حرام کیا ہے الانعام (119).

تو حرام چیز کے لیے ضروری ہے کہ اس کی حرمت کی تفصیل اور معروف ہو، تو جو ایسی نہیں وہ حرام نہیں ہو گی، چنانچہ حرمین کی ہماری مارکیٹوں میں موجود بیرا حلال ہے، ان شاء اللہ اس میں کوئی اشکال نہیں.

اور یہ گمان مت کریں کہ شراب کا کچھ تناسب بھی کسی چیز میں پایا جائے تو اسے حرام کر دیگا، بلکہ اگر اتنا تناسب ہو کہ وہ اثرانداز ہو یعنی اگر انسان اس شراب سے مخلوط چیز کو پیئے تو نشہ آ جائے تو یہ حرام ہو گا، لیکن اگر وہ تناسب اتنا قلیل ہو کہ اس کا اثر ختم ہو جائے اور تو یہ حلال ہے.

اور بعض لوگ یہ خیال کر بیٹھے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان:

" جس کی کثیر مقدار نشہ آور ہو تو اس کی قلیل مقدار بھی حرام ہے "

اس کا معنی یہ ہے کہ: جو قلیل سی چیز بھی کسی دوسری میں ملائی جائے تو وہ حرام ہے، چاہے جس میں ملائی جارہی ہے وہ کثیر ہی ہو، یہ سمجھ اور خیال غلط ہے، چنانچہ حدیث: " جس کی زیادہ مقدار نشہ آور ہو تو اس کی قلیل مقدار بھی حرام ہے " کا معنی یہ ہے کہ:

یعنی وہ چیز اگر زیادہ مقدار میں استعمال کی جائے تو اس سے نشہ ہو جائے، اور اگر اس کی مقدار کم کی جائے تو نشہ نہ ہو، تو اس کی قلیل اور کثیر مقدار حرام ہو گی، کیونکہ ہو سکتا ہے آپ قلیل مقدار پیئں جس سے نشہ نہ ہو، اور پھر وہ چیز آپ کو دعوت دے تو آپ زیادہ مقدار پی لیں تو نشہ آ جائے، لیکن جس چیز میں نشہ آور چیز ملائی گئی ہو اور اس کی نسبت بہت ہی قلیل ہو اور وہ اس پر اثرانداز نہ ہوتی ہو تو یہ حلال ہے، اور اس حدیث کے تحت داخل نہیں ہوتی " اھـ

الباب المفتوح (3 / 381 ـ 382).

واللہ اعلم .